فہرست "عربی بول چال"

دیباچہ

عربی بول چال کا پہلا حصہ خدا کے فضل سے اس قدر مقبول عام ہوا۔ کہ تھوڑے ہی عرصے میں اس کے دو اڈیشن چھپ کر ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو گئے اور اب تیسرا اڈیشن ضروری تغیرات کے بعد طبع ہو رہا ہے۔

یہ رسالہ عربی زبان کا روزمرہ سیکھنے کے واسطے تو بلاشبہ فائدہ مند ثابت ہوا ہے۔ مگر عربی زباندانی کے ابتدائی مراحل طے کرنے اور عربی اخبارات کے الفاظ جدیدہ سمجھنے کے واسطے مفصلہ ذیل مضامین کا مطالعہ کرنا زیادہ ضروری ہے۔

(۱) اضداد۔ مترادفات۔ صفات مشتقہ اور جملوں کو ترتیب دینے کی مشق۔

(۲) عربی عبارات کے مطالب کو سوال و جواب میں عربی زبان کے ذریعے سے بیان کرنا۔

(۳) مختلف مضامین کو ضمیروں صیغوں۔ وحدت و جمعیت اور تذکیر و تانیث کے تغیر و تبدل سے ادا کرنا۔

(۴) مصر و شام کے عربی اخباروں کا انتخاب۔

(۵) الفاظ جدیدہ کی مستقل فرہنگ جو عربی اخباروں میں مستعمل ہوتے ہیں۔

یہ دوسرا حصہ انہی ضروریات کی وجہ سے شائع کیا جاتا ہے۔ امید ہے کہ عربی زبان کے شائقین کو پہلے حصے کی نسبت اس سے خصوصیت کے ساتھ زیادہ مدد ملیگی۔

لاہور۔ کشمیری بازار
[illegible] ۱۹۰۴ء

(دستخط) حافظ عبد الرحمٰن امرتسری

عربی بول چال

حصہ دوم

مؤلفہ

حافظ عبدالرحمن صاحب امرتسری

سنہ ۱۹۰۴ء

بسم الله الرحمن الرحيم

البابُ الأوّلُ في أمثالِ العربِ

الدرسُ الأوّلُ (١)

الحديثُ ذُو شُجُونٍ ۔

الشرُّ قليلُه كثيرٌ ۔

العَجَلةُ أُختُ الندامةِ ۔

لِكُلِّ جوادٍ عثرةٌ ۔

كما تزرعُ تحصدُ ۔

تلدغُ العقربُ طبعًا ۔

ما كُلُّ بارقةٍ تجودُ ۔

كانَ حمارًا فاستأتنَ ۔

الحقُّ يعلُو ولا يُعلَى ۔

إنَّ معَ العُسرِ يُسرًا

الخِضابُ شبابٌ ثانٍ ۔

كُلُّ آتٍ قريبٌ ۔

الغائبُ حُجّتُه معَه ۔

لِكُلِّ سيفٍ نبوةٌ ۔

كما تدينُ تُدانُ ۔

بالساعدِ يبطشُ الكفُّ ۔

قيمةُ المرءِ ما يُحسِنُه ۔

طارتْ عصافيرُ رأسِه ۔

الآنَ حصحصَ الحقُّ ۔

إنَّ مِنَ البيانِ لسحرًا ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پہلا باب عرب کی کہاوتوں میں

ترجمہ سبق (۱)

ت شاخ در شاخ ہوتی ہے۔
رائی تھوڑی بھی بہت ہوتی ہے۔
لدبازی شرمندگی کی بہن ہے۔
رایک اصیل گھوڑا ٹھوکر کھاتا ہے۔
یسا بوؤ گے ویسا کاٹو گے۔
چھو بالطبع ڈنک مارتا ہے۔
ر گرجنے والا بادل برستا نہیں۔
لدھا تھا گدھی ہوگیا۔
ت بلند ہوتا ہے اس پر کوئی چیز بلند نہیں۔
یشک سختی کے بعد نرمی ہے۔

وسمہ دوسری جوانی ہے۔
ہر آنے والی چیز قریب ہے۔
غیر حاضر کی دلیل اس کے پاس ہے۔
ہر ایک تلوار اُچٹ جاتی ہے۔
جیسا کرو گے ویسا بھرو گے۔
کلائی کے زور سے ہتھیلی حملہ کرتی ہے۔
انسان کی قیمت اس کی لیاقت ہے۔
اس کے سر کی چڑیاں اُڑ گئیں۔
اب حق باطل سے جدا ہوگیا۔
بعض تقریریں بیشک جادو کا حکم رکھتی ہیں۔

الدرس الثاني (٢)

بيتي بخل لا آنا -
لا عتاب بعد الموت -
الشيء يذكر بالشيء -
إن مع اليوم غدا -
أضيق من سم الخياط -
زر غبا تزدد حبا -
التجارة ينبوع الأموال -
لا تلد الحية إلا الحية -
الحسنات يذهبن السيئات -
إن أخاك من آساك -

لسان التجربة أصدق -
نعم المؤدب الدهر -
المن مفسدة الصنيعة -
إن الحديد يفلح بالحديد -
أوهن من بيت العنكبوت -
اتقوا مواضع التهم -
الاثنان خير من الواحد -
أغنى الصباح عن المصباح -
جزاء سيئة سيئة مثلها -
إن لم يكن وفاق ففراق -

الدرس الثالث (٣)

الفرص تمر مر السحاب -
بعلة الزرع يسقى القرع -
ربما كان السكوت جوابا -
الطمع الكاذب فقر حاضر -
بعض الشر أهون من بعض -
جاء الحق وزهق الباطل -
فضلنا بعضكم على بعض -
تحسبهم جميعا وقلوبهم شتى -
لا تزر وازرة وزر أخرى -
الاعتراف يهدم الاقتراف -

الجبن ولا ركوب الشين -
فوق كل ذي علم عليم -
دواء الدهر الصبر عليه -
الحمار يعرف طريق العلف
بعد الدار كبعد النسب -
الانسان على نفسه بصيرة -
غاب شهرين ثم جاء بكليتين
صام حولا ثم شرب بولا -
كل حزب بما لديهم فرحون
حال الأجل دون الأمل -

ترجمہ سبق (۲)

میں تو بخل نہیں کرتا مگر میرے گھر میں گنجایش نہیں ہے

موت کے بعد کوئی سرزنش نہیں۔

چیز سے چیز یاد آتی ہے۔

آج کے ساتھ ہی کل ہے۔

سوئی کے ناکے سے زیادہ تنگ ہے۔

ایک دن کے بعد ملو کہ محبت زیادہ ہو۔

سوداگری دولت کا چشمہ ہے۔

سانپ سانپ ہی جنتا ہے۔

نیکیاں بدیوں کو زائل کر دیتی ہیں۔

تمہارا بھائی وہ ہے جو تمہاری غمخواری کرے۔

تجربہ ٹھیک ٹھیک بتلاتا ہے۔

زمانہ اچھا ادب آموز ہے۔

احسان جتلانا نیکی کو برباد کرتا ہے۔

لوہا لوہے سے کٹتا ہے۔

مکڑی کے گھر سے زیادہ کمزور ہے۔

تہمت کے موقعوں سے بچو۔

دو رائیں ایک رائے سے بہتر ہیں۔

صبح نے چراغ سے بے پروا کر دیا۔

بدی کا بدلہ اسی جیسی بدی ہوتا ہے۔

اگر اتفاق نہ ہو تو جدائی بہتر ہے۔

ترجمہ سبق (۳)

وقت بادل کی طرح گزرتا ہے۔

کھیتی کے ساتھ کدو کو بھی پانی مل جاتا ہے۔

کبھی خاموشی بھی جواب ہوتی ہے۔

بیجا طمع تنگدستی ہے۔

بعض برائیاں بعض سے کم ہوتی ہیں۔

سچ آیا اور جھوٹ جاتا رہا۔

ہم نے بعض کو بعض پر ترجیح دی ہے۔

تم ان کو مجتمع سمجھتے ہو مگر ان کے دل متفرق ہیں۔

کوئی کسی کا بوجھ نہیں اٹھائیگا۔

گناہ کا اقرار گناہ کو زائل کرتا ہے۔

مرنا منظور مگر ذلت گوارا نہیں۔

ہر ذی علم سے بڑھکر عالم ہے۔

مصیبت کی دوا اس پر صبر کرنا ہے۔

گدھا چارے کا راستہ جانتا ہے۔

دوری مکان کی مثل دوری قرابت کے ہے۔

انسان اپنے حالات سے باخبر ہے۔

دو مہینے گم رہا پھر جیسا تھا ویسا ہی آیا۔

برس دن روزہ رکھا اور پھر پیشاب پی لیا۔

ہر گروہ کے پاس جو کچھ ہے وہ اسی پر خوش ہے۔

امید سے پہلے موت حائل ہوئی۔

الدرس الرابع (٤)

مَنْ أَعْجَبَ بِرَأْيِهِ ضَلَّ ۔ | مَنْ سَابَقَ الدَّهْرَ عَثَرَ ۔
مَنْ تَأَنَّى نَالَ مَا تَمَنَّىٰ ۔ | مَنْ تَسَمَّعَ سَمِعَ مَا يَكْرَهُهُ ۔
مَنْ يُجَرِّبْ يَزْدَدْ عِلْمًا ۔ | مَنِ اسْتَحْسَنَ قَبِيحًا فَقَدْ عَمِلَهُ ۔
مَنْ سَلَّ سَيْفَ الْبَغْيِ قُتِلَ بِهِ | مَنْ بَعُدَ قَلْبُهُ لَمْ يَقْرُبْ لِسَانُهُ ۔
مَنْ عَرَّبَلَ النَّاسَ نَخَلُوهُ ۔ | مَنْ هَابَ الرِّجَالَ هَيَّبُوهُ ۔
مَنْ طَلَبَ شَيْئًا وَجَدَّ ۔ وَجَدَ | مَنْ دَخَلَ مَدَاخِلَ السُّوءِ اتُّهِمَ ۔
مَنْ نَقَلَ إِلَيْكَ ۔ فَقَدْ نَقَلَ عَنْكَ ۔ | مَنِ اعْتَادَ الْبَطَالَةَ ۔ لَمْ يُفْلِحْ ۔
مَنْ أَطَاعَ غَضَبَهُ ۔ أَضَاعَ أَدَبَهُ ۔ | مَنْ كَانَ لَكَ كُلَّهُ ۔ كَانَ عَلَيْكَ كُلَّهُ ۔
مَنْ أَفْشَىٰ سِرَّهُ ۔ كَثُرَ الْمُتَآمِرُونَ عَلَيْهِ ۔ | مَنْ تَرَكَ الشَّهَوَاتِ ۔ عَاشَ حُرًّا ۔
مَنْ زَرَعَ الْمَعْرُوفَ حَصَدَ الشُّكْرَ ۔ | مَنْ غَلَبَ هَوَاهُ عَلَىٰ عَقْلِهِ ۔ هَلَكَ ۔

الدرس الخامس (٥)

اَلْكِذْبُ دَاءٌ وَالصِّدْقُ شِفَاءٌ ۔ | إِنْ كُنْتَ كَذُوبًا فَكُنْ ذَكُورًا ۔
أَغْلِقِ الْأَبْوَابَ أَيُّهَا الْبَوَّابُ ۔ | قُضِيَ الْأَمْرُ الَّذِي فِيهِ تَسْتَفْتِيَانِ ۔
رُبَّ حَالٍ أَفْصَحُ مِنْ مَقَالٍ ۔ | رُبَّ حَرْبٍ شَبَّتْ مِنْ لَفْظَةٍ
رُبَّ قَوْلٍ أَنْفَذُ مِنْ صَوْلٍ ۔ | رُبَّمَا صَحَّتِ الْأَجْسَامُ بِالْعِلَلِ ۔
إِنَّكَ فِي وَادٍ وَأَنَا فِي وَادٍ ۔ | الْحَاضِرُ يَرَىٰ مَا لَا يَرَاهُ الْغَائِبُ ۔
كَثْرَةُ الضَّحِكِ تُذْهِبُ الْهَيْبَةَ ۔ | كَثِيرُ الْقَوْلِ يُنْسِي بَعْضُهُ بَعْضًا ۔
ضَيْفُ الْبَخِيلِ آمِنٌ مِنَ التُّخَمِ ۔ | فُلَانٌ كَالْكَعْبَةِ يُزَارُ وَلَا يَزُورُ ۔
طُولُ التَّجَارِبِ زِيَادَةٌ فِي الْعَقْلِ ۔ | فَضْلُ الْقَوْلِ عَلَى الْفِعْلِ دَنَاءَةٌ ۔
رَضِيَ الْخَصْمَانِ وَأَبَى الْقَاضِي ۔ | كَثْرَةُ الْعِتَابِ تُورِثُ الْبَغْضَاءَ ۔
إِذَا تَرَضَّيْتَ أَخَاكَ فَلَا أَخَالَكَ ۔ | عَثْرَةُ الْقَدَمِ أَسْلَمُ مِنْ عَثْرَةِ اللِّسَانِ

ترجمہ سبق (۴)

جو اپنی رائے پر اترایا وہ گمراہ ہوا۔

جو آہستہ چلا اُس نے آرزو حاصل کی۔

جو تجربہ کرتا ہے اپنا علم بڑھاتا ہے۔

جس نے بغاوت کی تلوار کھینچی وہ اُسی سے مارا گیا۔

جس نے لوگوں کی چھان بین کی لوگ اسکی بھی ٹٹولتے ہیں۔

جس نے کسی چیز کی تلاش کی اور کوشش کی کامیاب ہوا۔

جس نے تیرے پاس برائیاں کیں وہ تیری برائیاں لے جائیگا۔

جس نے غصہ کی اطاعت کی اس نے ادب کھو دیا۔

جس نے اپنا بھید ظاہر کیا اُسپر سے لگانیوالے زیادہ ہوگئے

جس نے نیکی کی شکریہ حاصل کیا۔

جس نے زمانے سے سبقت کی اُس نے ٹھوکر کھائی۔

جس نے چھپکے باتیں سنیں وہ ناپسندیدہ باتیں سنیگا۔

جس نے برائی کو اچھا سمجھا گویا اُسے کر چکا۔

جس کا دل دور ہوا اُس کی زبان قریب نہیں ہوتی۔

جو لوگوں سے ڈرا لوگ اُسے ڈراتے ہیں۔

جو بری جگہ گیا وہ متہم ہوا۔

جس نے سستی اختیار کی وہ کبھی کامیاب نہ ہوا۔

جس کا فائدہ تمہارے لیے ہے اس کا نقصان بھی تمہارے لیے ہے

جس نے خواہشیں چھوڑ دیں آزادانہ زندگی بسر کی۔

جس کی عقل پر خواہش نفسانی غالب ہوئی وہ ہلاک ہوا۔

ترجمہ سبق (۵)

جھوٹ بولنا بیماری اور سچ کہنا تندرستی ہے۔

دربان! دروازہ بند کرو۔

زبان حال زبان قال سے کبھی زیادہ گویا ہوتی ہے۔

بعض باتیں حملے سے زیادہ سخت ہوتی ہیں۔

تمہارا راستہ اور ہے اور میرا راستہ اور۔

ہنسی کی زیادتی ہیبت کو زائل کر دیتی ہے۔

بخیل کا مہمان بدہضمی سے محفوظ ہے۔

تجربوں کی زیادتی سے عقل بڑھتی ہے۔

فریقین رضامند ہوگئے مگر حاکم نے نہ مانا۔

جب بھائی کے منانے کی ضرورت پڑے تو وہ بھائی نہیں۔

اگر تم دروغگو ہو تو (بات کو) یاد رکھو۔

وہ کام ہو چکا جس کی بابت تم پوچھتے ہو۔

کبھی ایک لفظ سے لڑائی برپا ہوتی ہے۔

اکثر اوقات بیماری سے جسم تندرست ہو جاتے ہیں

حاضر جو کچھ دیکھتا ہے غیر حاضر اس کو نہیں دیکھتا۔

زیادہ گوئی کی بعض باتیں بعض کو بھلا دیتی ہیں۔

فلاں شخص مثل کعبے ہے لوگ اُس سے ملتے ہیں وہ کسی سے نہیں ملتا۔

کرنے سے زیادہ کہنا کمینہ پن ہے۔

زیادہ ملامت دشمنی پیدا کرتی ہے۔

پاؤں کا پھسلنا زبان کی لغزش سے بہتر ہے۔

الدّرس السّادس (٦)

لَيْسَ لِلْحاسِدِ إلّا ما حَسَدَ ـ	لا تُؤَخِّرْ عَمَلَ الْيَوْمِ لِغَدٍ ـ
ما أشْبَهَ اللَّيْلَةَ بِالْبارِحَةِ ـ	مَنْ يُجابِرْ أُسَهُ ـ فَقَدْ رَبِحَ ـ
مَنِ اسْتَرْعَى الذِّئْبَ فَظَلَمَ ـ	مَنْ كَتَمَ سِرَّهُ ـ بَلَغَ مُرادَهُ ـ
مَنْ يَأْتِ الْحَكَمَ وَحْدَهُ يُفْلِحُ ـ	مَنْ قَنِعَ بِما عِنْدَهُ قَرَّتْ عَيْنُهُ ـ
مَنْ نَهَشَتْهُ الْحَيَّةُ ـ حَذِرَ الرَّسَنَ ـ	من نام لم يشعر بشجو الارق ـ
اَلْمَرْءُ بِأَصْغَرَيْهِ قَلْبِهِ وَلِسانِهِ	لَيْسَ بِصِياحِ الْغُرابِ يَجِيءُ الْمَطَرُ ـ
لَيْسَ حَيٌّ عَلَى الزَّمانِ بِباقٍ ـ	لا حَيٌّ فَيُرْجَى ـ وَلا مَيِّتٌ فَيُنْسَى
لا تَنْهَ عَنْ خُلُقٍ وَتَأْتِيَ مِثْلَهُ ـ	لا تُبْرِمِ الْأَمْرَ حَتَّى تُفَكِّرَ فِيهِ ـ
لا تَفْخَرْ بِكَوْسَجٍ قَبْلَ أَنْ تَلْتَحِيَ ـ	لا تَكُنْ رَطْبًا فَتُعْصَرَ وَلا يابِسًا فَتُكْسَرَ
ما أبْعَدَ ما فاتَ ـ وَما أقْرَبَ ما هُوَ آتٍ	مَنْ تَرَكَ الْمِراءَ سَلِمَتْ لَهُ الْمُرُوَّةُ ـ

الدّرس السّابع (٧)

السَّعْيُ مِنِّي وَالْإتْمامُ مِنَ اللهِ ـ	الصَّيْدُ لِمَنْ أخَذَهُ لا لِمَنْ أثارَهُ ـ
الصَّبِيُّ صَبِيٌّ وَلَوْ كانَ نَبِيًّا ـ	إنَّكَ لا تَجْنِي مِنَ الشَّوْكِ الْعِنَبَ ـ
يَفْعَلُ اللهُ ما يَشاءُ وَيَحْكُمُ ما يُرِيدُ ـ	يا لَيْتَ بَيْنِي وَبَيْنَكَ بُعْدَ الْمَشْرِقَيْنِ
لا يُكَلِّفُ اللهُ نَفْسًا إلّا وُسْعَها ـ	لا يَتَراجَعُ الْعَنْكَبُوتُ مِنْ أكْلِ الذُّبابِ
إذا كانَ الدّاءُ مِنَ السَّماءِ بَطَلَ الدَّواءُ ـ	ليس بلدٌ باحق من بلدك ـ
النّاسُ اخوانٌ وشتّى في الشِّيَم ـ	من سقطت كلفته دامت الفته ـ
من ناقش الاخوان قلّ صديقُه ـ	من سامح الايام طابت حياتُه ـ
اَوْلَى النّاسِ بالرّحمة عالمٌ بين جُهّالٍ ـ	اذا ضيّعك الاقربُ اتيح لك الابعدُ
الحلمُ تركُ الانتقام مع امكانِ القدرة ـ	العاقلُ يبالغ عدوّه اذا اضطر اليه
الفضلُ للمُبتدي ـ وان احسن المقتدي ـ	يغوصُ البحرَ من طلب اللآلي ـ

ترجمہ سبق (۶)

حاسد کو حسد کے سوا اور کچھ نہیں ملتا۔
آج کی رات کل کی رات سے بہت مشابہ ہے۔
جس نے بھیڑیے کو چرواہا بنایا ظلم کیا۔
جو شخص تنہا حاکم کے پاس جاتا ہے وہ کامیاب ہوتا ہے۔
جس کو سانپ نے کاٹا ہو وہ رسی سے ڈرتا ہے۔
انسان دل اور زبان دو چھوٹی چیزوں سے آدمی ہے۔
دنیا میں کوئی شخص باقی رہنے والا نہیں ہے۔
اُس کام سے نہ روکو جس کو تم خود کرتے ہو۔
کوسے سے سفری ڈاڑھی نکلنے سے پہلے نہ کر۔
جو گزر چکا وہ بہت بعید ہے اور جو ہونے والا ہے بہت قریب ہے۔

آج کا کام کل پر نہ چھوڑو۔
جو جان بچا کر لے گیا وہ فائدے میں رہا۔
جس نے اپنا بھید چھپایا وہ مقصد کو پہنچا۔
جس نے موجود پر قناعت کی اسکی آنکھ کو ٹھنڈک ہوئی۔
جو سوگیا وہ بیدار کا غم کیا جانتا ہے۔
کوے کے چلانے سے مینہ نہیں برستا۔
نہ زندہ ہے کہ امید کی جائے اور نہ مردہ ہے کہ بھلایا جائے۔
جب تک سوچ نہ لے کام نہ کر۔
اسقدر نرم نہ ہو کہ نچوڑا جائے اور نہ اسقدر خشک کہ توڑا جائے۔
جس نے جھگڑا چھوڑ دیا اسکی مروت مسلم ہے۔

ترجمہ سبق (۷)

میری طرف سے کوشش اور خدا کی طرف سے پورا کرنا۔
بچہ بچہ ہی ہے اگرچہ پیغمبر کیوں نہ ہو۔
خدا جو چاہتا ہے سو کرتا ہے اور جو چاہتا ہے حکم دیتا ہے۔
خدا کسی شخص کو اسکی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا
جب مرض آسمان سے ہو تو دوا بیکار ہو جاتی ہے
سب لوگ بھائی ہیں مگر عادتیں مختلف ہیں۔
جس نے بھائیوں سے نفسا نفسی کی اُسکے دوست کم ہوگئے۔
سب سے زیادہ مستحق رحم وہ عالم ہے جو جہلا میں ہو۔
قدرت پاکر درگزر کرنا بُردباری ہے۔
فضیلت دوجد کا حصہ ہے اگرچہ مقلد اس سے اچھا کر دکھلائے

شکار پکڑنے والے کا حق ہے برانگیختہ کرنے والے کا نہیں۔
تو کانٹے میں سے انگور نہیں پائیگا۔
کاش مجھ میں اور تم میں مشرق و مغرب کا فاصلہ ہوتا
مکڑی مکھی کے کھانے سے باز نہیں آتی۔
کوئی شہر تمہارے شہر سے زیادہ حقدار نہیں۔
جس کا تکلف جاتا رہا اسکی محبت ہمیشہ رہتی ہے۔
جس نے زمانے سے نرمی کی اُسکی زندگی اچھی ہوئی۔
اگر قریبی تجھے ضائع کریں تو غیر تیرے لئے مہیا کیا جائیگا۔
عقلمند اپنے دشمن سے مصالحت کرتا ہے جب اُسکی ضرورت ہو۔
جس نے موتیوں کی خواہش کی وہ سمندر میں غوطہ لگاتا ہے۔

الدرس السادس (٦)

لَيْسَ لِلْحَاسِدِ إِلَّا مَا حَسَدَ ـ	لَا تُؤَخِّرْ عَمَلَ الْيَوْمِ لِغَدٍ ـ
مَا أَشْبَهَ اللَّيْلَةَ بِالْبَارِحَةِ ـ	مَنْ تَجَاسَرَ أَسِنَ ـ فَقَدْ رَبِحَ ـ
مَنِ اسْتَرْعَى الذِّئْبَ فَظَلَمَ ـ	مَنْ كَتَمَ سِرَّهُ ـ بَلَغَ مُرَادَهُ ـ
مَنْ بَاتَ لِحُكْمِ وَحْدَهُ يُفْلِحُ ـ	مَنْ قَنِعَ بِمَا عِنْدَهُ قَرَّتْ عَيْنُهُ ـ
مَنْ نَهَشَتْهُ الْحَيَّةُ حَذِرَ الرَّسَنَ ـ	من نام لم يشعر بنجو الارق ـ
اَلْمَرْءُ بِأَصْغَرَيْهِ قَلْبِهِ وَلِسَانِهِ	لَيْسَ بِصِيَاحِ الْغُرَابِ يَجِيْئُ الْمَطَرُ ـ
لَيْسَ حَيٌّ عَلَى الزَّمَانِ بِبَاقٍ ـ	لَا حَيٌّ فَيُرْجَى ـ وَلَا مَيِّتٌ فَيُنْسٰى
لَا تَنْهَ عَنْ خُلُقٍ وَتَأْتِيَ مِثْلَهُ ـ	لَا تُبْرِمِ الْأَمْرَ حَتّٰى تُفَكِّرَ فِيْهِ ـ
لَا تَسْخَرْ بِكَوْسَجٍ قَبْلَ أَنْ تَلْتَحِيَ ـ	لَا تَكُنْ رَطْبًا فَتُعْصَرَ وَلَا يَابِسًا فَتُكْسَرَ
مَا أَبْعَدَ مَا فَاتَ ـ وَمَا أَقْرَبَ مَا هُوَ آتٍ	مَنْ تَرَكَ الْمِرَاءَ سَلِمَتْ لَهُ الْمُرُوَّةُ ـ

الدرس السابع (٧)

السَّعْيُ مِنِّيْ وَالْإِتْمَامُ مِنَ اللّٰهِ ـ	الصَّيْدُ لِمَنْ أَخَذَهُ لَا لِمَنْ أَثَارَهُ ـ
الصَّبِيُّ صَبِيٌّ وَلَوْ كَانَ نَبِيًّا ـ	إِنَّكَ لَا تَجْنِيْ مِنَ الشَّوْكِ الْعِنَبَ ـ
يَفْعَلُ اللّٰهُ مَا يَشَاءُ وَيَحْكُمُ مَا يُرِيْدُ ـ	يَا لَيْتَ بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ بُعْدَ الْمَشْرِقَيْنِ
لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا ـ	لَا يَتَرَاجَعُ الْعَنْكَبُوْتُ مِنْ أَكْلِ الذُّبَابِ ـ
إِذَا كَانَ الدَّاءُ مِنَ السَّمَاءِ بَطَلَ الدَّوَاءُ ـ	ليس بلدٌ باحق من بلدك ـ
اَلنَّاسُ إِخْوَانٌ وَشَتّٰى فِي الشِّيَمِ ـ	من سقطت كلفته دامت الفته ـ
من ناقش الاخوان قلّ صديقه ـ	من سامح الايّام طابت حياته ـ
أَوْلَى النَّاسِ بِالرَّحْمَةِ عَالِمٌ بَيْنَ جُهَّالٍ ـ	اذا ضيّعك الاقرب اتيح لك الابعد
الْحِلْمُ تَرْكُ الْاِنْتِقَامِ مَعَ إِمْكَانِ الْقُدْرَةِ	العاقلُ يسالم عدوّه اذا اضطرّ اليه ـ
الْفَضْلُ لِلْمُبْتَدِيْ ـ وَإِنْ أَحْسَنَ الْمُقْتَدِيْ ـ	يَغُوْصُ الْبَحْرَ مَنْ طَلَبَ اللَّآلِيْ ـ

ترجمہ سبق (٦)

حاسد کو حسد کے سوا اور کچھ نہیں ملتا۔
آج کی رات کل کی رات سے بہت مشابہ ہے۔
جس نے بھیڑیے کو چرواہا بنایا ظلم کیا۔
جو شخص تنہا حاکم کے پاس جاتا ہے وہ کامیاب ہوتا ہے
جس کو سانپ نے کاٹا ہو وہ رسی سے ڈرتا ہے۔
انسان دل اور زبان دو چھوٹی چیزوں سے آدمی ہے،
دنیا میں کوئی شخص باقی رہنے والا نہیں ہے۔
اس کام سے نہ روکو جس کو تم خود کرتے ہو۔
کوسے سے مسخری داڑھی نکلنے سے پہلے نہ کر۔
جو گزر چکا وہ بہت بعید ہے اور جو آنیوالا ہے بہت قریب ہے۔

آج کا کام کل پر نہ چھوڑو۔
جو جان بچا کر لے گیا وہ فائدے میں رہا۔
جس نے اپنا بھید چھپایا وہ مقصد کو پہنچا۔
جس نے موجود پر قناعت کی اسکی آنکھ کو ٹھنڈک ہو گئی۔
جو سو گیا وہ بیدار کا غم کیا جانتا ہے۔
کوے کے چلانے سے مینہ نہیں برستا۔
نہ زندہ ہے کہ امید کی جائے اور نہ مردہ ہے کہ بھلایا جائے
جب تک سوچ نہ لے کام نہ کر۔
اسقدر نرم نہ ہو کہ نچوڑا جائے اور نہ اسقدر خشک کہ توڑا جائے
جس نے جھگڑا چھوڑ دیا اسکی مروت مسلم ہے۔

ترجمہ سبق (٧)

میری طرف سے کوشش اور خدا کی طرف سے پورا کرنا۔
بچہ بچہ ہی ہے اگرچہ پیغمبر کیوں نہ ہو۔
خدا جو چاہتا ہے سو کرتا ہے اور جو چاہتا ہے حکم دیتا ہے۔
خدا کسی شخص کو اسکی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا
جب مرض آسمان سے ہو تو دوا بیکار ہو جاتی ہے
سب لوگ بھائی ہیں مگر عادتیں مختلف ہیں۔
جس نے بھائیوں سے نفسا نفسی کی اسکے دوست کم ہو گئے
سب سے زیادہ مستحق رحم وہ عالم ہے جو جہلا میں ہو۔
قدرت پاکر درگزر کرنا بُردباری ہے۔
فضیلت موجد کا حصہ ہے اگرچہ مقلد اس سے اچھا کر دکھلائے

شکار پکڑنے والے کا حق ہے برانگیختہ کرنیوالے کا نہیں ہے
تو کانٹے میں سے انگور نہیں پائیگا۔
کاش مجھ میں اور تم میں مشرق اور مغرب کا فاصلہ ہوتا
مکڑی مکھی کے کھانے سے باز نہیں آتی۔
کوئی شہر تمہارے شہر سے زیادہ حقدار نہیں
جس کا تکلف جاتا رہا اسکی محبت ہمیشہ رہتی ہے
جس نے زمانے سے نرمی کی اسکی زندگی اچھی ہوئی۔
اگر دیری تجھے ضائع کرے تو غیر تیرے لئے مہیا کیا جائیگا۔
عقلمند اپنے دشمن سے مصالحت کرتا ہے جب اسکی ضرورت ہو
جس نے موتیوں کی خواہش کی وہ سمندر میں غوطہ لگاتا ہے

الدَّرسُ الثَّامن (٨)

لَعَلَّ لَهُ عُذْرًا وَأَنْتَ تَلُومُ ـ

أَنْتَ مَرَّةً عَيْشٌ وَمَرَّةً جَيْشٌ ـ

حَافِظْ عَلَى الصَّدِيقِ وَلَوْ فِي الْحَرِيقِ ـ

حَبَّةُ الْقَمْحِ تَدُوْرُ وَإِلَى الرَّحَى تَحُوْرُ ـ

اَلرَّدِيُّ رَدِيٌّ كُلَّمَا جَلَوْتَهُ صَدِيَ ـ

سُلْطَانٌ غَشُوْمٌ خَيْرٌ مِنْ فِتْنَةٍ تَدُوْمُ ـ

ظُلْمُ الْأَقَارِبِ أَمَضُّ مِنْ وَقْعِ السَّيْفِ ـ

عِنَايَةُ الْقَاضِي خَيْرٌ مِنْ شَاهِدَيْ عَدْلٍ ـ

كُلُّ امْرِئٍ بِطِوَالِ الْعَيْشِ مَكْذُوْبٌ

لَوْ أَنْصَفَ النَّاسُ اسْتَرَاحَ الْقَاضِي

رُبَّ زَارِعٍ لِنَفْسِهِ حَاصِدُهُ سِوَاهُ ـ

اَلْمَرْءُ يَطِيْرُ بِهِمَّتِهِ وَالطَّيْرُ يَطِيْرُ بِجَنَاحَيْهِ

أَحْسِنْ إِنْ أَرَدْتَ أَنْ يُحْسَنَ إِلَيْكَ ـ

اَلْعُصْفُوْرُ فِي الزَّرْعِ وَالطِّفْلُ فِي الطَّرَبِ

سُوْءُ الْاِكْتِسَابِ يَمْنَعُ عَنِ الْاِنْتِسَابِ ـ

اَلشَّرْطُ أَمْلَكُ عَلَيْكَ أَمْ لَكَ ـ

ظَاهِرُ الْعِتَابِ خَيْرٌ مِنْ بَاطِنِ الْحِقْدِ ـ

عِنْدَ الْاِمْتِحَانِ يُكْرَمُ الرَّجُلُ أَوْ يُهَانُ

كَفَى الْمَرْءَ نُبْلًا أَنْ تُعَدَّ مَعَايِبُهُ ـ

لَمْ يَذْهَبْ مِنْ مَالِكَ مَا وَعَظَكَ ـ

الدَّرسُ التَّاسع (٩)

اَلْمَوْتُ أَهْوَنُ مِمَّا بَعْدَهُ ـ

مَنْ لَانَتْ كَلِمَتُهُ وَجَبَتْ مَحَبَّتُهُ

إِذَا أَرَادَ اللّٰهُ شَيْئًا هَيَّأَ أَسْبَابَهُ

مَنْ لَمْ يَصُنْ نَفْسَهُ ابْتَذَلَهُ غَيْرُهُ ـ

مَنْ أَحَبَّ وَلَدَهُ رَحِمَ الْأَيْتَامَ ـ

لَا خَيْرَ مِنْ أَبٍ وَلَوْ أَلْقَى فِي لَهَبٍ ـ

مَنْ لَمْ يُصْلِحْهُ الْخَيْرُ لَمْ يُصْلِحْهُ الشَّرُّ ـ

كَثْرَةُ الْقُرْبِ إِلَى النَّاسِ تَجْلِبُ السُّوْءَ ـ

قَدْ ضَلَّ مَنْ كَانَتِ الْعُمْيَانُ تَهْدِيْهِ ـ

فِي الْعَجَلَةِ النَّدَامَةُ وَفِي التَّأَنِّي السَّلَامَةُ ـ

مَنْ كَتَمَ عِلْمًا فَكَأَنَّمَا جَهِلَهُ ـ

مَنْ طَلَبَ الْغَايَةَ صَارَ آيَةً ـ

كَالْإِبْرَةِ تَكْسُوْ الْعَالَمَ وَجِسْمُهَا عُرْيَانٌ

مَنْ سَلِمَتْ سَرِيْرَتُهُ صَلُحَتْ عَلَانِيَتُهُ

مُعَاتَبَةُ الْإِخْوَانِ خَيْرٌ مِنْ فَقْدِهِمْ ـ

لَا كُلُّ سَوْدَاءَ تَمْرَةٌ وَلَا كُلُّ بَيْضَاءَ شَحْمَةٌ

مَنْ أَنْفَقَ وَلَمْ يَحْسِبْ هَلَكَ وَلَمْ يَدْرِ

اَلْكَسَلُ وَكَثْرَةُ النَّوْمِ يُبْعِدَانِ مِنَ اللّٰهِ

اِسْتَقْبِحْ لِنَفْسِكَ كَمَا تَسْتَقْبِحُ لِغَيْرِكَ ـ

مَنْ لَمْ يَرْكَبِ الْأَهْوَالَ لَمْ يَنَلِ الرَّغَائِبَ

ترجمہ سبق (۸)

جس کو تم ملامت کرتے ہو شاید معذور ہو۔

کبھی تو فراخی میں ہے اور کبھی تنگی میں۔

دوست کی حفاظت کر اگرچہ آگ میں ہو۔

گیہوں کا دانہ گھومتا ہے اور چکی میں جاتا ہے۔

ناقص کو جس قدر جلا دو وہ زنگ خوردہ ہے۔

ظالم بادشاہ دائمی فتنہ سے بہتر ہے۔

رشتہ داروں کا ظلم تلوار سے زیادہ کاٹ کرنیوالا ہے۔

حاکم کی مہربانی دو عادل گواہوں سے بہتر ہے

ہر شخص درازی عمر کے لحاظ سے جھٹلایا جاتا ہے۔

اگر لوگ انصاف کے پابند ہوں تو قاضی کو آرام ملے۔

بہت لوگ اپنے لئے بوتے ہیں اور دوسرے اسکو کاٹتے ہیں

انسان اپنی ہمت سے اڑتا ہے اور پرندہ اپنے بازوؤں سے۔

اگر تم چاہتے ہو کہ تم سے اچھا سلوک کیا جائے تو تم بھی اچھا برتاؤ کرو

چڑیا مر رہی ہے اور لڑکا خوش ہے۔

بری کمائی نسب ظاہر کرنے سے روکتی ہے

شرط ماننی پڑیگی نقصان پہنچائے یا فائدہ +

ظاہری عتاب باطنی کینہ سے بہتر ہے۔

امتحان کے وقت انسان عزت پاتا ہے یا ذلیل ہوتا ہے

انسان کو یہی عزت کافی ہے کہ اسکے عیوب شمار ہو سکیں۔

جس مال سے تمہیں کچھ نصیحت حاصل ہو ضائع نہیں ہوا

ترجمہ سبق (۹)

موت اپنی مابعد چیزوں سے بہت آسان ہے۔

جسکی بات نرم ہے اسکی محبت واجب ہو جاتی ہے۔

جب خدا کوئی کام کرنا چاہتا ہے تو اسکے اسباب مہیا کر دیتا ہے

جس نے اپنی محافظت نہ کی لوگ اس کو ذلیل کرتے ہیں۔

جس نے اپنے بچے سے محبت کی وہ یتیموں پر رحم کرتا ہے

باپ سے بہتر کوئی نہیں اگرچہ دہکتی آگ میں ڈال دے۔

جسکی اصلاح نیکی سے نہ ہوئی وہ بدی سے درست ہوگا

لوگوں سے زیادہ خلط ملط برائی پیدا کرتا ہے۔

جس کے رہنما اندھے ہوں وہ ضرور گمراہ ہوگا۔

جلدی میں شرمندگی اور آہستگی میں سلامتی ہے

جس نے علم کو چھپایا گویا اس نے اپنے کو جاہل بنایا۔

جس نے کمال چاہا وہ مثال بن گیا۔

سوئی کی مانند کہ ننگوں کو پہناتی اور خود برہنہ ہے۔

جس کا باطن اچھا ہوگا اس کا ظاہر بھی اچھا ہوگا

بھائیوں کا عتاب (سہہ لینا) ان کے کھو دینے سے اچھا ہے۔

ہر سیاہ چیز کھجور نہیں اور ہر سفید چیز چربی نہیں

جس نے بےحساب خرچ کیا وہ لاعلمی میں تباہ ہوا۔

سستی اور نیند کی زیادتی خدا سے دور کرتے ہیں

جس چیز کو اوروں کے لئے برا سمجھے اپنے لئے بھی برا سمجھ

جو مصیبتوں میں نہیں پڑا اسنے مقاصد حاصل نہیں کئے۔

الدرس العاشر (١٠)

إِذَا أَتَاكُمْ كَرِيمُ قَوْمٍ فَأَكْرِمُوهُ ـ

تُكَلِّمُوا النَّاسَ عَلَى قَدْرِ عُقُولِهِمْ ـ

أُسْتُرْ عَوْرَةَ أخيك لِما يعلم فيك ـ

اذا تخاصم اللِّصانِ ظهر المسروقُ ـ

اذا اردت ان تُطاع فسل ما يُستطاع ـ

قيل للبغل مَنْ ابوك ـ قال الفَرَسُ خالى ـ

هذا جزاءُ من زرع شوكا وطلب منه تمرًا ـ

تسمعُ بالمُعَيدى خيرٌ من ان تراهُ ـ

لا يأكل العسلَ إلّا من صبر على ابرة النحل ـ

غشُّ القلوب يظهر على اللسانِ والوجه ـ

مايداوى الاحمقُ بمثل الاعراض منه ـ

من اشترى مالا يحتاجُ اليه باع ما يحتاجُ اليه ـ

العاقلُ اذا لم يُفتح له بابٌ لا يُزاحم البوّابَ ـ

الجهلُ مطيةُ سوءٍ من ركب ذلّ ومن صحبها ضلّ ـ

لسانٌ اخرسُ خيرٌ من لسانٍ ناطقٍ بالكذب ـ

غضبُ الجاهل فى قوله وغضبُ العاقل فى فعله ـ

شهاداتُ الفعالِ خيرٌ من شهاداتِ الرّجال ـ

بقدر سرور التواصل تكون حسرة التفاصل ـ

انْ يكن الشغلُ مجهدةً فانَّ الفراغَ مفسدةً ـ

اذا بالغت فى النصيحة هجمت بك على الفضيحة ـ

ترجمہ سبق (۱۰)

ب تمہارے پاس قوم کا سردار آئے تو اُس کی عزّت کرو۔

وں سے اُن کی عقل کے موافق بات چیت کرو۔

پنے بھائی کا عیب چھپاؤ کہ وہ بھی تمہارے عیب جانتا ہے۔

ب دو چور جھگڑتے ہیں تو چوری ظاہر ہو جاتی ہے۔

گر چاہتے ہو کہ تمہاری بات مانی جائے تو لوگوں سے ایسی بات کہو جو کر سکیں۔

سی نے خچّر سے کہا کہ تمہارا باپ کون ہے؟ کہا گھوڑا میرا ماموں ہے۔

اُس شخص کی جزا ہے جس نے کانٹے بوئے اور اُس سے کھجوروں کی خواہش کی۔

یدی کے دیکھنے سے اُس کا سُننا بہتر ہے (معیدی ایک بڑا بہادر مگر کمرو آدمی تھا)

ی شخص شہد نہ کھائیگا مگر جس نے مکھی کے ڈنک پر صبر کیا۔

وں کا کھوٹ چہرے اور زبان سے معلوم ہو جاتا ہے۔

حمق کا سب سے اچھا علاج یہ ہے کہ اُس سے اعراض کیا جائے۔

س شخص نے غیر ضروری چیزیں خریدیں وہ ضروری چیزیں بیچیگا۔

قلمند کے لئے جب دروازہ نہیں کُھلتا تو وہ دربان سے مزاحم نہیں ہوتا۔

ہالت بُری سواری ہے جو سوار ہوا وہ ذلیل ہوا اور جو ساتھ رہا وہ گمراہ ہوا۔

گونگی زبان جھوٹ بولنے والی زبان سے بہتر ہے۔

جاہل اپنی باتوں سے غصّہ کرتا ہے اور عقلمند اپنے کام سے۔

کاروبار کی گواہی لوگوں کی گواہی سے بہتر ہے۔

صل میں جتنی خوشی ہوتی ہے فراق میں اُتنا ہی رنج ہے۔

گر شغل میں محنت ہے تو بیکاری خرابی کا باعث ہے۔

جب نصیحت میں مبالغہ کروگے تو رسوائی تم پر ہجوم کریگی۔

الدرس العاشر (١٠)

إِذَا أَتَاكُمْ كَرِيمُ قَوْمٍ فَأَكْرِمُوهُ ۔

تُكَلِّمُوا النَّاسَ عَلٰى قَدْرِ عُقُولِهِمْ ۔

اُسْتُرْ عَوْرَةَ اَخِيكَ بِمَا يَعلَمُ فِيكَ ۔

اذا تخاصم اللّصانِ ظهر المسروقُ ۔

اذا اردْتَ ان تُطاع فَسَل مايُستطاع ۔

قيل للبغل مَنْ ابوكَ ۔ قال الفَرسُ خالى ۔

هٰذ جزاءُ من زرع شوكا وطلب منه تمرًا ۔

تسمعُ بالمُعَيدى خيرٌ من ان تراهُ ۔

لَا يأكل العسلَ إلّا من صبر على ابرة النحل ۔

غشُّ القلوب يظهر على اللسانِ والوجه ۔

مايُداوى الاحمقُ بمثل الاعراض منه ۔

من اشترى مالا يحتاجُ اليه باع مايحتاجُ اليه ۔

العاقلُ اذا لم يُفتح له بابٌ لا يُزاحم البوّابَ ۔

الجهلُ مطيئة سوءٍ من ركب ذلّ ومن صحبها ضلّ ۔

لسانٌ اخرسُ خيرٌ من لسانٍ ناطقٍ بالكذب ۔

غضبُ الجاهل فى قوله وغضبُ العاقل فى فعله ۔

شهاداتُ الفعالِ خيرٌ من شهاداتِ الرّجال ۔

بقدر سرور التواصُل تكون حسرة التفاصل ۔

ان يكن الشغلُ مُجهدةً فانّ الفراغَ مفسدةٌ ۔

اذا بالغت فى النصيحة هجمت بك على الفضيحة ۔

ترجمہ سبق (۱۰)

جب تمہارے پاس قوم کا سردار آئے تو اُس کی عزت کرو۔

لوگوں سے اُن کی عقل کے موافق بات چیت کرو۔

اپنے بھائی کا عیب چھپاؤ کہ وہ بھی تمہارے عیب جانتا ہے۔

جب دو چور جھگڑتے ہیں تو چوری ظاہر ہو جاتی ہے۔

اگر چاہتے ہو کہ تمہاری بات مانی جائے تو لوگوں سے ایسی بات کہو جو کر سکیں۔

کسی نے خچر سے کہا کہ تمہارا باپ کون ہے؟ کہا گھوڑا میرا ماموں ہے۔

یہ اُس شخص کی جزا ہے جس نے کانٹے بوئے اور اُس سے کھجوروں کی خواہش کی۔

معیدی کے دیکھنے سے اُس کا سننا بہتر ہے (معیدی ایک بڑا بہادر مگر کمرو آدمی تھا)

کوئی شخص شہد نہ کھائیگا مگر جس نے مکھی کے ڈنک پر صبر کیا۔

دلوں کا کھوٹ چہرے اور زبان سے معلوم ہو جاتا ہے۔

احمق کا سب سے اچھا علاج یہ ہے کہ اُس سے اعراض کیا جائے۔

جس شخص نے غیر ضروری چیزیں خریدیں وہ ضروری چیزیں بیچیگا۔

عقلمند کے لئے جب دروازہ نہیں کھلتا تو وہ دربان سے مزاحم نہیں ہوتا۔

جہالت بُری سواری ہے جو سوار ہؤا وہ ذلیل ہؤا اور جو ساتھ رہا وہ گمراہ ہؤا۔

گونگی زبان جھوٹ بولنے والی زبان سے بہتر ہے۔

جاہل اپنی باتوں سے غصہ کرتا ہے اور عقلمند اپنے کام سے۔

کاروبار کی گواہی لوگوں کی گواہی سے بہتر ہے۔

وصل میں جتنی خوشی ہوتی ہے فراق میں اُتنا ہی رنج ہے۔

اگر شغل میں محنت ہے تو بیکاری خرابی کا باعث ہے۔

جب نصیحت میں مبالغہ کروگے تو رسوائی تم پر ہجوم کریگی۔

الباب الثاني في النّوادر

الدرس الحادي عشر (١١)

قيل لرجلٍ قد كثُرَ الذبابُ - قال إي والله يموتُ ولا يدفنونهُ -

قيل لبهلول عُدَّ لنا المجانينَ فقال هذا يطولُ ولكنّي

العُقلاءَ -

تبخّرَ رجلٌ يومًا فاحترقتْ ثيابُهُ - فقال واللهِ لا أتبخّ

إلّا عُريانًا -

وركِبَ يومًا حمارًا وعقدَ ذَنَبَهُ - فقالوا لِمَ فعلتَ ذلك

قال لأنّهُ يُقدِّمُ السّرجَ -

عادَ رجلٌ مريضًا - فقال لأهلِهِ أجرَكُمُ اللهُ - فقالوا المريضُ

فقال يموتُ إن شاءَ اللهُ -

الدّرس الثاني عشر (١٢)

قيل لرجلٍ قد زاد سعرُ الدّقيقِ - قال أنا لا أُبالي به لأنّي آشتر

الخُبزَ -

أتاهُ غلامٌ له بفرخٍ وقال أُنظر ما أشبَهَهُ بِأُمِّهِ - قال أُمُّهُ

ذكرٌ أم أُنثى -

إختصمَا إليه رجلانِ في دجاجٍ ذبحهُ أحدُهما - فقال نزا

إلى الأميرِ فإنّي لا أحكمُ في الدِّماءِ -

نظر إنسانٌ إلى بهلول يأكلُ تمرًا ويبلعُ نواهُ - فقال له لِمَ لا ترمِ

فقال هكذا وُزِنَ عليّ -

حمل جرّةً خضراءَ إلى السّوقِ - ليبيعها فقالوا هي مُتشقّقٌ بابُهُ - فقال

تسيلُ فإنّه كان فيها قُطنٌ لوالدتي فما سال منه شيءٌ -

دوسرا باب نوادر میں

ترجمہ سبق (۱۱)

ایک شخص سے کہا گیا کہ مکھیاں زیادہ ہوگئی ہیں۔ کہا ہاں مرتی ہیں اور کوئی دفن نہیں کرتا۔

بہلول سے کہا گیا کہ دیوانوں کا شمار کرو۔ اُس نے کہا یہ تو مشکل ہے۔ لیکن عقلمندوں کا شمار کر دیتا ہوں۔

ایک شخص نے ایک دن دھونی لی اور اُس کے کپڑے جل گئے۔ کہا قسم بخدا اب دھونی نہ لونگا مگر برہنہ ہو کر۔

ایک دن گدھے پر سوار ہوا اور اس کی دُم میں گرہ دے دی۔ لوگوں نے کہا یہ کیوں کیا۔ کہا کہ وہ اُس سے زین آگے کو سرکا دیتا ہے۔

ایک شخص نے ایک بیمار کی عیادت کی اور اُس کے گھر والوں سے کہا خدا انہیں اس کا نعم البدل دے۔ انہوں نے کہا کہ وہ ابھی نہیں مرا۔ اُس نے کہا کہ انشاء اللہ مر جائیگا۔

ترجمہ سبق (۱۲)

ایک شخص سے کہا گیا کہ آٹا مہنگا ہو گیا ہے۔ اُس نے کہا مجھے اس کی کچھ پروا نہیں۔ میں تو روٹی خریدتا ہوں۔

اُس کا ایک غلام چوزہ لایا اور کہا دیکھو اپنی ماں سے کیسا مشابہ ہے۔ کہا اس کی ماں نر تھی یا مادہ۔

دو شخصوں نے ایک مرغ کا جھگڑا اس کے پیش کیا جس کو اُن میں سے ایک نے ذبح کیا تھا کہا کہ مقدمہ حاکم کے پاس لے جاؤ۔ کیونکہ میں خون کے معاملہ میں حکم نہیں دیتا ہوں۔

ایک شخص نے بہلول کو دیکھا کہ کھجوریں کھا رہا ہے اور اس کی گٹھلیاں نگل رہا ہے۔ اُس نے کہا کہ تم گٹھلی کیوں نہیں پھینکتے۔ جواب دیا کہ مجھ کو ایسی ہی تُل کر ملی ہیں۔

ایک سبز گھڑا بازار کو فروخت کے واسطے لے گیا۔ لوگوں نے کہا کہ اس میں چھید ہوا ہوا ہے۔ کہا کہ بہتا نہیں کیونکہ میری والدہ کی روئی اس میں رکھی ہوئی تھی اور اس میں سے کچھ نہیں بہا۔

الدرس الثالث عشر (١٣)

قيل لقيس بن عاصم بمَ سُدت قومك - قال ببذل القِرى
ترك المراء ونصرة المولى -

نظر الأحمق في المرآة - فقال اللهم سوّد وجوهنا يوم تسودّ الوجوه
وبيّض وجوهنا يوم تبيض الوجوه -

ماتت بنتُ رجلٍ فذهب ليشتري لها كفنًا - فلما بلغ البزّاز
رجع مسرعًا وقال لا تحملوها حتى أجيء -

شيّع يومًا جنازةً - فلما عاد منها شكر أهلها - فقال بالبيت لكم كل
يومٍ مثل هذا حتى كنّا نمشي على أيدينا فضلًا عن رؤوسنا -

صلّى رجلٌ بقومٍ يومًا وفي كمّه جروُ كلبٍ - فلما ركع سقط الجروُ وصاح
تنحنح الناس - فالتفت إليهم وقال إنه سلوقيٌّ عافاكم الله -

الدرس الرابع عشر (١٤)

أسلمتْه أمّه لبزّازٍ - فقالت بعد حولين ماذا تعلمت قال تعلمتُ نصف
العمل - قالت وما هو - قال تعلمتُ النشر وبقي الطيُّ -

نظر يومًا في المرآة فقال لإنسانٍ عنده ترى لحيتي طالت
فقال له الرجلُ المرآة في يدك - فقال صدقتَ ولكن الحاضر
يرى ما لا يراه الغائبُ -

حُكي أنّ بهلولًا يأكل دجاجة فقال له رجلٌ أطعمني منها تأكل - فقال
هذا ليس لي وحياتك - هذا دفعتها إليّ امرأةٌ آكلها لها -

خرج من أعرابي ريحٌ - فقام يصلي - فقيل له ليتك تتوضأ
وقد خرج منك ريحٌ - فقال لو كنتُ أجدّد لكل ريحٍ وضوءًا
لصرتُ حوتًا أو ضفدعًا -

ترجمہ سبق (۱۳)

...س بن عاصم سے پوچھا گیا کہ تم قوم کے سردار کس طرح بن گئے۔ کہا۔
...مان نوازی اور ترک کشمکش اور خدا کی مدد سے۔

...ک احمق نے آئینہ دیکھا اور کہا۔ اے خدا جس دن مُنہ کالے ہوں ہمارا بھی
...نہ کالا کر۔ اور جس دن مُنہ سفید ہوں ہمارا بھی مُنہ سفید کر۔

...ک شخص کی بیٹی مرگئی اور وہ اُس کے لئے کفن خریدنے گیا۔ جب بزازوں کے پاس
...پہنچا تو فوراً واپس چلا آیا اور کہا کہ میرے آنے تک اس کو مت اُٹھانا۔

...ایک دن جنازے کے ساتھ گیا جب واپس آیا تو گھروالوں نے اُس کا شکریہ ادا کیا اُس نے
...کہا کاش ہر روز تمہارے واسطے ایسا ہی ہوتا کہ ہم اپنے ہاتھوں کے بل چلنے قطع نظر سر کے بل چلنے کے

...ک شخص نے ایک دن لوگوں کو نماز پڑھائی اور اُسکی آستین میں کتورا تھا جب رکوع کیا تو کتورا گر گیا اور
...چیخنے لگا اور لوگوں نے کھانسنا شروع کیا۔ ان کی طرف دیکھکر کہا خدا تمہیں سلامت رکھے یہ سلوتی ہے

ترجمہ سبق (۱۴)

...اُس کی ماں نے ایک بزاز کے پاس اُس کو سپرد کیا اور دو برس کے بعد پوچھا کہ تم نے کیا سیکھا
...ہے۔ کہا آدھا کام سیکھ لیا ہے۔ کہا وہ کیا ہے جواب دیا کہ پھیلانا سیکھ لیا ہے اور تہ کرنا باقی ہے۔

...ایک دن آئینہ دیکھا۔ ایک شخص سے جو اُس کے پاس تھا کہا دیکھو میری ڈاڑھی بڑھ گئی
...ہے۔ اُس شخص نے کہا کہ آئینہ تمہارے ہاتھ میں ہے۔ اُس نے کہا تم سچ کہتے
ہو مگر جو کچھ موجود دیکھ سکتا ہے غائب نہیں دیکھ سکتا۔

...کہتے ہیں کہ بہلول مُرغی کھا رہا تھا۔ ایک شخص نے اُس سے کہا کہ جو کچھ تم کھاتے ہو مجھے بھی کھلاؤ۔ کہا
تمہاری زندگی کی قسم یہ میری نہیں مجھے ایک عورت نے دی ہے کہ میں اس کو اُس کے لئے کھاؤں۔

...ایک بادیہ نشین کا گوز نکل گیا۔ کھڑے ہو کر نماز پڑھنے لگا۔ لوگوں نے کہا کہ تم وضو
کیوں نہیں کرتے۔ اور حالانکہ تمہارا گوز نکل چکا ہے۔ جواب دیا کہ اگر ہر گوز کے پیچھے نیا
وضو کرنے لگوں تو مچھلی یا مینڈک بن جاؤں۔

الدرس الخامس عشر (١٥)

غسل رجلٌ يومًا قميصَه ونشرَه على حبلٍ۔ فهبّتِ الريحُ وألقتهُ على الارضِ۔ فلمّا رأىٰ ذلك خرّ راكعًا وقال احمدك اللّهمّ لانّه لو كان وقع وانا متردٍّ به لتحطّمتُ۔

لبس يومًا فروةً مقلوبًا شعرُها الى خارج۔ فقيل له في ذلك۔ فقال ما انتم باعلم من صاحبها الثعلب لولا ان هٰذا اصلح ما لبسها وشعرُها من خارجٍ۔

قيل لرجلٍ من الحاكة هل في بلد كم حائكٌ۔ قال لا۔ قيل فمن ينسجُ ثيابكم۔ قال كلٌّ منّا ينسج ثوبه لنفسه۔ قال فاذا كلّكم حاكةٌ۔

دعا الرشيدُ بهلولًا ليضحك منه۔ فلمّا دخل دعا له بمائدةٍ فقدّم عليها خبزًا وحده۔ فولّى بهلولُ هاربًا۔ فقيل له الى اين۔ فقال اجيئكم يوم الاضحٰى فعسٰى ان يكون عندكم لحمٌ۔

الدرس السادس عشر (١٦)

خرج الاحمقُ الى ضيعته۔ فقالت له الجيرانُ انّ اللّه معك۔ فقال الموضع قريبٌ لا يحتاج الى ذلك۔

اخذه بعضُ الوُلاة وقد اتّهمه بالشُّرب۔ فاستنكهه فلم يجد منه رائحةً۔ فقال قيّئوهُ۔ فقال من يضمنُ لي عشائي اصلحك اللّهُ۔

دفع الى القصار قميصًا فضيّعه وردّ عليه قميصًا صغيرًا۔ فقال ليس هٰذا قميصي۔ قال بل هو قميصك ولكن في كلّ غسلةٍ ينقُص وينقُصُ۔ قال فاحبُّ ان تعلمني غسلةً يصير القميصُ رداءً۔

رُوي انّ مجنونًا كان يُدلي رجليه في قبرٍ ويلعبُ في التراب۔ فقيل له ما تصنعُ هٰهنا۔ قال اُجالسُ قومًا لا يؤذونني ان حضرتُ ولا يغتابونني ان غِبتُ۔

ترجمہ سبق (١٥)

ایک روز اُس نے اپنی کپڑا دھوئی اور اس کو رسی پہ پھیلایا۔ ہوا چلی اور اُس کو زمین
پر پھینک دیا۔ جب یہ حال دیکھا تو سجدہ میں گرا اور کہنے لگا خدا کا شکر ہے اگر میں اُسے
پہنے ہوئے ہوتا اور یہ گر پڑتی تو میں پاش پاش ہو جاتا۔
ایک دن اُس نے اُلٹی پوستین پہنی کہ اُسکے بال باہر کو تھے۔ لوگوں نے اُسپر اعتراض کیا۔ کہنے لگا تم لوگ مجھ
سے زیادہ عالم نہیں ہو۔ اگر یہ طریق اچھا نہ ہوتا تو لومڑی اسکو نہ پہنتی اور اُسکے بال باہر کو ہوتے۔
ایک جُلاہے سے کہا گیا کیا تمہارے گاؤں میں کوئی جُلاہا ہے۔ کہا کوئی نہیں۔ کہا پھر تمہارے کپڑے کون
بُنتا ہے۔ کہا ہم میں سے ہر ایک اپنے کپڑے آپ بُن لیتا ہے۔ کہا اس صورت میں تم سب جُلاہے ہو۔
ہارون الرشید نے بہلول کو بُلایا۔ تاکہ اُس سے ہنسی کرے۔ جب وہ آیا تو دسترخوان
منگایا اور صرف روٹی اُس کے پیش کی۔ وہ پچھلے پاؤں بھاگا۔ لوگوں نے کہا کدھر جاتے ہو۔
کہا میں تمہارے پاس عید الضحٰی کے دن آؤنگا شاید کہ تمہارے پاس گوشت ہو۔

ترجمہ سبق (١٦)

ایک احمق جاگیر کی طرف گیا۔ پڑوسیوں نے کہا خدا حافظ۔ کہا جگہ نزدیک ہے نگہبان کی ضرورت نہیں۔
ایک حاکم نے اُس کو پکڑا اور اُس پر شراب خوری کی تہمت لگائی۔ اُس کا مُنہ سونگھا مگر
اُس سے شراب کی بُو نہ آئی۔ پھر کہا اس کو قے کراؤ۔ وہ بولا خدا آپ کا بھلا کرے میرے
رات کے کھائے ہوئے کھانے کا کون ذمہ دار ہوگا۔
دھوبی کو کمیز دی اُس نے کھو دی اور چھوٹی کمیز اُس کو واپس کی۔ اُس نے کہا یہ میری
کمیز نہیں۔ اُس نے کہا بلکہ وہ تمہاری کمیز ہے۔ لیکن ہر دھلائی میں گھٹتی اور چھوٹی
ہوتی ہے کہا میں چاہتا ہوں کہ تم مجھے ایسی دُھلائی سکھلاؤ کہ کمیز چادر بن جائے۔
کہتے ہیں کہ ایک دیوانہ قبر میں پاؤں لٹکائے ہوئے مٹی سے کھیل رہا تھا۔ اُس سے
کہا گیا کہ تم یہاں کیا کرتے ہو۔ کہا میں ایسے لوگوں کا ہمنشین ہوں کہ اگر میں آؤں تو مجھے
تکلیف نہیں دیتے اور اگر چلا جاؤں تو میری بُرائی نہیں کرتے۔

الدرس السابع عشر (١٧)

وقف بهلولُ عند شجرةٍ ملساءَ - فقال من يُعطني نصفَ درهمٍ فأصعدَ - فوقف الناسُ واعطوهُ ذلك - فأخَّرَهُ ثم قال هاتوا سُلَّماً - فقالوا اكان السلَّمُ في الشرط - فقال اكان الشرطُ بلا سُلَّمٍ -

عاد شيخٌ مريضاً - فلما خرج قال احسنَ اللهُ اجرَكم وعزّاكم - فقالوا إنّه لم يمتْ - قال عرفتُ لكني شيخٌ كبيرٌ لا استطيع النهوضَ واخافُ ان يموتَ فاعجز عن المجئ لعزائكم -

قيل انّ احمقاً كان يَرعى غنمَ اهله - فيرعى السمانَ في العشب ويُنَحّي المهازيلَ - فقيل له ويحك ما تصنع - قال لا اُصلحُ ما اَفسدَ اللهُ ولا اُفسِدُ ما اَصلحَ اللهُ -

الدرس الثامن عشر (١٨)

قال اردشير لابنه يا بُنَيَّ ! الملكُ والدينُ اخوانِ - لا غنىً لاحدهما عن الآخر - فالدينُ اُسٌّ والملكُ حارسٌ ما لم يكن له اُسٌّ فمهدومٌ وما لم يكن له حارسٌ فضائعٌ -

شكى رجلٌ صاحبَه عن وجع الخاصرة قال إنها كانت علّةَ ابي فمات منها فعليك بالوصية يا اخي - فدعا المريضُ ولده وقال اُوصيك بهذا الا تدعه يدخلُ الى بعد هذا -

وجد رجلٌ ديناراً - فقيل له نادِ عليه لعلّ يظهر صاحبُه - فظن إن نادى عليه يظهر له عشرون صاحباً - فمضى الى السوق واشترى به ثوباً ونادى على الثوب - فلم يظهر للثوب صاحبٌ فاستبدّ به -

ترجمہ سبق (۱۷)

بہلول ایک چکنے درخت کے نیچے کھڑا ہوا اور کہنے لگا کون مجھے آدھا درہم دیتا ہے تاکہ میں اس درخت پر چڑھوں۔ لوگ ٹھیر گئے اور اس کو آدھا درہم دیدیا۔ بہلول نے اسکو قابو کیا اور کہا سیڑھی لاؤ۔ لوگوں نے کہا کیا سیڑھی کی شرط تھی۔ اس نے کہا کیا شرط بے سیڑھی کی تھی؟

ایک بڈھے نے کسی بیمار کی عیادت کی اور جب باہر نکلا تو کہنے لگا خدا تمہیں نیک اجر اور صبر دے لوگوں نے کہا کہ وہ ابھی تک نہیں مرا۔ کہا مجھے معلوم ہے لیکن میں بہت بڈھا ہوں اور اُٹھ نہیں سکتا اور اس سے ڈرتا ہوں کہ وہ مر جائے اور میں تمہاری تعزیت کو نہ آسکوں۔

کہتے ہیں کہ ایک بیوقوف اپنے کنبہ کی بکریاں چرایا کرتا تھا۔ موٹی بکریوں کو سبز گھاس میں چراتا اور دُبلی بکریوں کو الگ کر دیتا۔ لوگوں نے اس سے کہا افسوس تو کیا کرتا ہے۔ اس نے کہا جس کو خدا نے بگاڑا ہے میں اُسے درست نہیں کرسکتا اور جس کو خدا نے درست کیا ہے میں اُس کو بگاڑ نہیں سکتا۔

ترجمہ سبق (۱۸)

اَرْدشیر نے اپنے بیٹے سے کہا۔ بیٹا! بادشاہت اور مذہب دو بھائی ہیں۔ ایک کو دوسرے سے استغنا نہیں۔ مذہب بنیاد ہے اور بادشاہت محافظ۔ جس کی بنیاد نہیں وہ گرجاتا ہے اور جس کا محافظ نہیں وہ برباد ہوتا ہے۔

ایک شخص نے اپنے دوست سے درد شکم کی شکایت کی۔ اُس نے کہا میرے والد کو یہی بیماری تھی۔ وہ اس سے مرگیا۔ بھائی! آپ کو وصیت کرنا لازم ہے۔ مریض نے اپنے بیٹے کو بلایا اور کہا میں تمہیں وصیت کرتا ہوں کہ اس کو آئندہ یہاں نہ آنے دو۔

ایک شخص کو ایک دینار ملا۔ لوگوں نے کہا کہ اس کی مُنادی کرادو۔ شاید اس کے مالک کا پتہ لگ جائے۔ اُس نے خیال کیا کہ اگر اس کی منادی کرائی تو بیسیوں مالک نکل آئینگے۔ بازار گیا اور اس کا کپڑا خرید لایا اور کپڑے پر منادی کی۔ اُس کا کوئی مالک پیدا نہ ہوا تو خود مالک بن بیٹھا۔

الدرس التاسع عشر (١٩)

اعطى رجل خادمه درهمًا ليشتري به رأسًا - فمضى واشترى رأسًا واكل ما عليه من اللحم جميعاً - وجاء الى سيده بجمجمة فارغة - وقدمها بين يديه - فقال له سيده ياخبيث ما هذا - قال رأس غنم - قال اين اذناه - قال كان اصم - قال اين عيناه - قال كان اعمى - قال فاين لسانه قال كان اخرس - قال فاين جلدة رأسه - قال كان اقرع -

ذهب رجل يومًا بقمح الى الطاحون ليطحن - فرآه الطحان يأخذ القمح من قفف الناس ويجعله في قفته - فقال له ويحك ما ذا تصنع - قال انا احمق - قال وما بالك لا تأخذ القمح من قفتك فتجعله في قفف الناس ان كنت احمق - قال انا احمق فاصير احمقين - فضحك الطحان وتركه -

الدرس العشرون (٢٠)

ذهبت امرأة الى عرس وقالت لولدها احفظ الباب - فجلس الى الظهيرة فلما ابطأت عليه قام وخلع الباب واخذه معه واشتغل باللعب - فدخلت اللصوص وسرقوا الدار - فلما رجعت امه رأت الدار بتلك الصفة فقالت له ياخبيث! الم أوصك بالباب - فقال يا حمقاء الباب محفوظ معي سالم ما اصابه شئ ولو اوصيتني على اسباب البيت كلها لكنت حفظتها -

وقف سائل على باب - فقالوا يفتح الله لك - فقال كسيرة خبز - فقالوا ما نقدر عليها - قال فقليل من برّ او فول او شعير - قالوا لا نقدر عليه - قال فقطعة دهن او قليل من زيت او لبن - قالوا لا نجده - قال فشربة ماء - قالوا ليس عندنا ماء - قال فما جلوسكم ههنا - قوموا فاسألوا فانتم احق مني بالسؤال -

ترجمہ سبق (۱۹)

ایک شخص نے اپنے نوکر کو درم دیا کہ سری خرید لائے۔ وہ گیا اور ایک سری خریدی اور جسقدر گوشت اس پر تھا سب کھا گیا اور ایک خالی سری آقا کے پاس لایا اور اُسکے سامنے رکھ دی۔ آقا نے اس سے کہا او بدذات! یہ کیا ہے؟ کہا بکری کا سر۔ کہا اس کے کان کہاں ہیں؟ کہا بہری تھی۔ کہا اس کی آنکھیں کہاں ہیں؟ کہا اندھی تھی۔ کہا اسکی زبان کہاں ہے؟ کہا گونگی تھی۔ کہا اس کے سر کا چمڑہ کہاں ہے؟ کہا گنجی تھی۔

ایک شخص گیہوں لیکر خراس میں پسوانے گیا۔ خراسی نے اُسکو دیکھا کہ لوگوں کی ٹوکریوں میں سے گیہوں لیکر اپنی ٹوکری میں رکھتا جاتا ہے۔ خراسی نے کہا افسوس تو کیا کر رہا ہے اس نے کہا میں احمق ہوں۔ کہا یہ تمہارا کیا حال ہے؟ اگر تم احمق ہو تو اپنی ٹوکری میں سے گیہوں نکالکر لوگوں کی ٹوکریوں میں کیوں نہیں ڈالتے؟ اُس نے کہا اب میں اکیلا احمق ہوں پھر دو چند احمق بن جاؤں گا۔ خراسی ہنس پڑا اور اس کو چھوڑ دیا۔

ترجمہ سبق (۲۰)

ایک عورت ایک شادی میں گئی اور اپنے بیٹے سے کہہ گئی کہ دروازے کا دھیان رکھنا۔ وہ دوپہر تک بیٹھا رہا جب اُس نے دیر کی تو اُٹھا اور کواڑ اُکھیڑا اور اس کو اپنے ساتھ لیکر کھیل میں لگ گیا۔ چور آئے اور گھر لوٹ لیا۔ جب اسکی ماں آئی اور گھر کو اس حالت میں دیکھا تو کہنے لگی او بدذات! کیا میں دروازے کی حفاظت کیواسطے نہیں کہہ گئی تھی۔ اُس نے کہا او احمق! کواڑ صحیح سالم میرے پاس ہے اس کو کچھ نقصان نہیں پہنچا۔ اگر اثاث البیت کی بابت کہتی تو میں اسکی حفاظت کرتا۔

ایک سائل نے کسی دروازے پر کھڑے ہو کر سوال کیا۔ گھر والوں نے کہا خدا تجھے کشایش دے۔ اُس نے کہا کہ صرف روٹی کا ایک ٹکڑا۔ اُنہوں نے کہا ہمیں اس کا مقدور نہیں۔ پھر اُس نے کہا کہ تھوڑے سے گیہوں یا مٹر یا جَو ہی سہی۔ اُنہوں نے کہا یہ بھی ہمارے مقدور میں نہیں۔ پھر اُس نے کہا تھوڑا سا تیل یا روغن زیتون یا دودھ ہی سہی۔ وہ بولے کہ ہمارے پاس یہ بھی نہیں۔ پھر اُس نے کہا کہ پانی ہی پلا دو۔ کہنے لگے کہ ہمارے ہاں پانی بھی نہیں۔ تب اُس نے کہا کہ پھر تم یہاں کیوں بیٹھے ہو؟ اُٹھو اور بھیک مانگو کہ تم میری نسبت بھیک مانگنے کے زیادہ مستحق ہو۔

الْبابُ الثّالِثُ فِي الضَّرُورِيّاتِ الأَدَبِيَّةِ

الدَّرْسُ الحادِي وَالعِشْرُونَ (۲۱) فِي الأَضْدادِ

هادِئٌ (قَلِقٌ) - فاضِلٌ (رَذِيلٌ) - كَرِيمٌ (لَئِيمٌ) - رَخِيصٌ (غالٍ) -
صَدِيقٌ (عَدُوٌّ) - شابٌّ (شَيْخٌ) - مَمْلُوءٌ (فارِغٌ) - بَرِيءٌ (مُذْنِبٌ) -
مَكْشُوفٌ (مُغَطًّى) - حَلِيمٌ (غَضُوبٌ) - شَرِيفٌ (دَنِيءٌ) - سابِقٌ (لاحِقٌ) -
سَمِينٌ (مَهْزُولٌ) - سَمِيكٌ (رَقِيقٌ) - يابِسٌ (طَرِيٌّ) - مُبارَكٌ (مَلْعُونٌ) -
قَصِيرٌ (طَوِيلٌ) - صَغِيرٌ (كَبِيرٌ) - مَمْدُوحٌ (مَذْمُومٌ) - خَفِيفٌ (ثَقِيلٌ) -
بَلَدِيٌّ (غَرِيبٌ) - راجِلٌ (راكِبٌ) - بَطِيءٌ (سَرِيعٌ) - قَلِيلٌ (كَثِيرٌ) -
مُتَمَدِّنٌ (مُتَوَحِّشٌ) - أَمِينٌ (خائِنٌ) - صادِقٌ (كاذِبٌ) - نَظِيفٌ (وَسِخٌ) -
جَمِيلٌ (بَشِعٌ) - شُجاعٌ (جَبانٌ) - بَعِيدٌ (قَرِيبٌ) - واسِعٌ (ضَيِّقٌ) -

الدَّرْسُ الثّانِي وَالعِشْرُونَ (۲۲) فِي الأَضْدادِ

نَشَرَ (طَوَى) - سَتَرَ (فَضَحَ) - شَكَرَ (كَفَرَ) - عَقَلَ (جَهِلَ) -
ظَنَّ (أَيْقَنَ) - بَعُدَ (قَرُبَ) - وَضَعَ (رَفَعَ) - أَحَبَّ (كَرِهَ) -
نَفَعَ (ضَرَّ) - باعَ (اِشْتَرَى) - ذَكَرَ (نَسِيَ) - هَدَمَ (بَنَى) -
رَغِبَ (زَهِدَ) - عَدَلَ (ظَلَمَ) - هَبَطَ (عَلَا) - لامَ (مَدَحَ) -
زَلَّ (ثَبَتَ) - سَكَنَ (تَحَرَّكَ) - سَرَّ (ساءَ) - تَمَكَّنَ (عَجَزَ) -
أَطاعَ (عَصَى) - أَعْطَى (أَخَذَ) - أَسَرَّ (أَظْهَرَ) - أَصْلَحَ (أَفْسَدَ) -
اِجْتَهَدَ (تَكاسَلَ) - اِسْتَبَدَّ (شاوَرَ) - اِسْتَحْسَنَ (اِسْتَقْبَحَ) - اِبْتَدَأَ (اِنْتَهَى) -
تَقَدَّمَ (تَأَخَّرَ) - اِنْحَطَّ (اِرْتَفَعَ) - شَجُعَ (جَبُنَ) - شَيَّدَ (هَدَمَ) -

تیسرا باب علم ادب کی ضروری باتوں میں

ترجمہ سبق نمبر (۲۱)

مطمئن (بیقرار)۔ شریف (کمینہ)۔ سخی (کنجوس)۔ سستا (مہنگا)۔
دوست (دشمن)۔ جوان (بوڑھا)۔ بھرا ہوا (خالی)۔ بری (مجرم)۔
کھلا ہوا (ڈھکا ہوا)۔ بردبار (غضبناک)۔ شریف (کمینہ)۔ پہلا (پچھلا)۔
موٹا (دبلا)۔ گاڑھا (پتلا)۔ خشک (تر۔ تازہ)۔ بابرکت (لعنتی)۔
ٹھگنا (لمبا)۔ چھوٹا (بڑا)۔ اچھا (برا)۔ ہلکا (بھاری)۔
شہری (مسافر)۔ پیادہ (سوار)۔ دھیما (تیز رو)۔ تھوڑا (بہت)۔
شائستہ (ناشائستہ)۔ دیانتدار (بددیانت)۔ سچا (جھوٹا)۔ ستھرا (میلا)۔
خوبصورت (بدصورت)۔ بہادر (بزدل)۔ دور (نزدیک)۔ کھلا (تنگ)۔

ترجمہ سبق نمبر (۲۲)

کھولا (لپیٹا)۔ پردہ پوشی کی (رسوا کیا)۔ شکرگزار ہوا (ناشکری کی)۔ جانا (نہ جانا)۔
گمان کیا (یقین کیا)۔ دور ہوا (نزدیک ہوا)۔ رکھا (اونچا کیا)۔ پسند کیا (ناپسند کیا)۔
فائدہ پہنچایا (نقصان پہنچایا)۔ بیچا (خریدا)۔ یاد کیا (بھول گیا)۔ ڈھایا (بنایا)۔
رغبت کی (بے رغبتی کی)۔ انصاف کیا (بے انصافی کی)۔ اترا (چڑھا)۔ ملامت کی (تعریف کی)۔
پھسلا (ثابت رہا)۔ ٹھیرا (ہلا)۔ خوش کیا (ناخوش کیا)۔ قادر ہوا (رہ گیا)۔
فرمانبرداری کی (نافرمانی کی)۔ دیا (لیا)۔ فضول خرچی کی (میانہ روی کی)۔ بنایا (بگاڑا)۔
محنت کی (سستی کی)۔ خودرائی کی (مشورہ لیا)۔ پسند کیا (ناپسند کیا)۔ شروع کیا (ختم کیا)۔
آگے بڑھا (پیچھے ہٹا)۔ گرا (اونچا ہوا)۔ جرأت دلائی (ڈرایا)۔ تعمیر کی (ڈھایا)۔

الدّرس الثّالث والعشرون (٢٣) في المترادفات

حَمْدٌ (شُكرٌ)۔ أجْرٌ (ثوابٌ)۔ بِرٌّ (خَيرٌ)۔ دُعاءٌ (نِداءٌ)۔
شاكرٌ (شكورٌ)۔ سارِقٌ (لِصٌّ)۔ سامِعٌ (مُستَمِعٌ)۔ دَلّالٌ (سِمسارٌ)۔
آوانٌ (وقتٌ)۔ خَبَرٌ (حديثٌ)۔ رُؤيةٌ (نظرٌ)۔ سُقمٌ (مَرَضٌ)۔
سَنَةٌ (عامٌ)۔ سَماءٌ (فَلكٌ)۔ سحابةٌ (غمامٌ)۔ زَرعٌ (نباتٌ)۔
سِجنٌ (حَبسٌ)۔ رِفعةٌ (عُلوٌّ)۔ سُرعة (عَجَلة)۔ ثَمنٌ (قيمةٌ)۔
سببٌ (عِلّةٌ)۔ سبيلٌ (طريقٌ)۔ حُسنٌ (جمالٌ)۔ حِرصٌ (طمعٌ)۔
دَيْنٌ (قرضٌ)۔ دِينٌ (مِلّةٌ)۔ سهوٌ (غفلةٌ)۔ سؤالٌ (طلبٌ)۔
شخصٌ (ذاتٌ)۔ جُلوسٌ (قُعودٌ)۔ خُلدٌ (دوامٌ)۔ رُجوعٌ (عَودٌ)۔

الدّرس الرّابع والعشرون (٢٤) في المترادفات

آبَ (رَجَعَ)۔ شابَ (شاخَ)۔ شَرِبَ (جَرَعَ)۔ زَرَعَ (نَبَتَ)۔
سَتَرَ (كَتَمَ)۔ جادَ (كَرُمَ)۔ بَحَثَ (فَحَصَ)۔ جاءَ (أتى)۔
جَلَسَ (قَعَدَ)۔ جارَ (ظَلَمَ)۔ تَلا (قَرَأَ)۔ حَمِدَ (شَكَرَ)۔
حاكَ (نَسَجَ)۔ جَحَدَ (أَنكَرَ)۔ أرادَ (شاءَ)۔ أبدَعَ (اختَرَعَ)
أتَمَّ (أكمَلَ)۔ أقَرَّ (اعتَرَفَ)۔ أجمَعَ (اتّفَقَ)۔ أحسَنَ (أنعَمَ)۔
أمَّلَ (رَجا)۔ أنابَ (تابَ)۔ أسرَفَ (بَذَّرَ)۔ أكرَهَ (أجبَرَ)۔
أعلَمَ (أخبَرَ)۔ استَعلَمَ (استَخبَرَ)۔ أومَأَ (أشارَ)۔ تَفَرَّقَ (افتَرَقَ)۔
أعْدَمَ (أهلَكَ)۔ بَصُرَ (نَظَرَ)۔ تَمَنّى (تَرَجّى)۔ خافَ (هابَ)۔

ترجمہ سبق نمبر (۲۳)

شکر	بدلہ	بھلائی	پُکار
شکرگزار	چور	سُننے والا	دلّال
وقت	بات	دیکھنا	بیماری
سال	آسمان	بادل	سبزہ
قیدخانہ	باندی	جلدی	مول
سبب	رستہ	خوبصورتی	لالچ
قرض	مذہب	بھُول	مانگنا
وجود	بیٹھنا	ہمیشگی	واپسی

ترجمہ سبق نمبر (۲۴)

لوٹا	بوڑھا ہوا	پیا	اُگا
چھپایا	سخاوت کی	جستجو کی	آیا
بیٹھا	زیادتی کی	پڑھا	شکر کیا
بُنا	انکار کیا	چاہا	ایجاد کیا
پُورا کیا	اقرار کیا	اتفاق کیا	بھلائی کی
اُمید کی	توبہ کی	فضول خرچی کی	مجبور کیا
بتایا	پُوچھا	اشارہ کیا	جُدا ہوا
ہلاک کیا	دیکھا	آرزو کی	ڈرا

الدّرس الخامس والعشرون (۲۵) في الصّفات المشتقّة

حَدّادٌ (من الحدادة)۔ حائكٌ (من الحياكة)۔ مُصوّرٌ (من التصوير)۔ صبّاغٌ (من الصباغة) نقّاشٌ (من النّقش)۔ صائغٌ (من الصّياغة)۔ طبيبٌ (من الطب)۔ شيخٌ (من الشيخوخة) مُهندسٌ (من الهندسة)۔ شاعرٌ (من الشعر)۔ تاجرٌ (من التجارة)۔ صيّادٌ (من الصيد) فيلسوفٌ (من الفلسفة)۔ مُقامرٌ (من القمار)۔ حرّاثٌ (من الحراثة)۔ سكرانُ (من السّكر) مُسرفٌ (من الاسراف)۔ بخيلٌ (من البُخل)۔ آبله (من البلاهة)۔ مُناظرٌ (من المناظرة) مُديرٌ (من الادارة)۔ عدُوٌّ (من العداوة)۔ حكيمٌ (من الحكمة)۔ سارقٌ (من السرقة) آعمى (من العمى)۔ مؤرّخٌ (من التاريخ)۔ جبانٌ (من الجبانة)۔ عليلٌ (من العلة) خادمٌ (من الخدمة)۔ آحمقُ (من الحماقة)۔ خبّازٌ (من الخبز)۔ بقّالٌ (من البقالة)

الدّرس السّادس والعشرون (۲۶) في ابدال الماضي بالمضارع

الاسماكُ (سبحت) في الماء۔ الهرُّ (صاد) الفارةَ ۔ الريحُ (قلعت) الاشجارَ الفلاحُ (حرث) الارضَ۔ الامُّ (لعبت) طفلها۔ الجبالُ (زال) كالخيال كلبُ الراعي (حرس) غنمه۔ الموتُ (شفته) من كل الامراض۔ اللبوةُ (حمت) اشبالها الشمسُ (انار) الارضَ۔ الجنديُّ (دافع) عن وطنه۔ الكلبُ (ملق) صاحبه الشمسُ (اذابت) الثلجَ ۔ البخيلُ (فكّر) دائما بماله۔ الخبزُ افضل ما (اقتات) به البشرُ علينا ان (احترمنا) رؤساءنا۔ اكثرُ الشّبّان (باعوا) المستقبل بالحاضر۔ عندي من الخبز ما (كفى) مؤنة يومي من (ضمن) لنفسه ان يعيشَ الى الغد۔ لم (يلغ) اخي الخبرُ مع انه انتشر في كلّ البلاد

تنبیہ۔ ان مقامات پر فعل مضارع کے صیغے حسب ذیل مستعمل ہونگے :۔

تسبحُ	يصيدُ	تقلعُ	يحرث	تلعبُ
يزولُ	يحرسُ	تشفي	تحمي	تنيرُ
يُدافعُ	يُملّقُ	تذوبُ	يُفكّرُ	يقتاتُ
نحترمُ	نبيعون	يكفي	يضمنُ	يبلغُ

ترجمہ سبق نمبر (۲۵)

لُہار (آہنگری)۔ جُلاہا (بُننا)۔ مصور (تصویر کھینچنا)۔ رنگریز (رنگنا)۔
نقاش (نقش کرنا)۔ سنار (زرگری)۔ حکیم (طب)۔ بوڑھا (بڑھاپا)۔
انجنیر (انجنیری)۔ شاعر (شعر کہنا)۔ سوداگر (سوداگری)۔ شکاری (شکار)۔
فیلسوف (فلسفہ)۔ جوئے باز (جوا)۔ کسان (کاشتکاری)۔ متوالا (نشہ)۔
فضول خرچ (فضول خرچی)۔ کنجوس (کنجوسی)۔ بیوقوف (بیوقوفی)۔ بحث کرنیوالا (بحث)۔
منتظم (انتظام)۔ دشمن (دشمنی)۔ دانا (دانائی)۔ چور (چوری)۔
اندھا (اندھاپن)۔ نارنج وال (نارنج)۔ بزدل (بزدلی)۔ بیمار (بیماری)۔
نوکر (نوکری)۔ نادان (نادانی)۔ نانبائی (روٹی)۔ کنجڑا (سبزی)۔

ترجمہ سبق نمبر (۲۶)

مچھلیاں پانی میں تیرتی ہیں*۔ بلی چوہے کا شکار کرتی ہے۔ ہوا درختوں کو اکھیڑ دیتی ہے۔ کسان زمین جوتتا ہے۔ ماں اپنے بچے سے کھیلتی ہے۔ خوبصورتی خیال کی مانند زائل ہو جاتی ہے۔ گڈریے کا کتا اسکی بکریوں کی حفاظت کرتا ہے۔ موت تمام بیماریوں کے شفا دیتی ہے۔ شیرنی اپنے بچوں کی حفاظت کرتی ہے۔ سورج زمین کو روشن کرتا ہے۔ سپاہی اپنے وطن کی حمایت کرتا ہے۔ کتا اپنے آقا کی خوشامد کرتا ہے۔ سورج برف کو پگھلاتا ہے۔ بخیل ہمیشہ اپنے مال کی فکر میں رہتا ہے۔ روٹی اُن سب چیزوں سے بہتر ہے جن پر انسان گزارہ کرتا ہے۔ ہمیں لازم ہے کہ اپنے رؤسا کی عزت کریں۔ اکثر نوجوان آئندہ کو موجود کے عوض بیچتے ہیں۔ میرے پاس ایک دن کے گزارے کے واسطے روٹی ہے۔ کون شخص اپنی ضمانت کر سکتا ہے کہ وہ کل تک زندہ رہیگا۔ میرے بھائی کو خبر نہ ملی باوجودیکہ تمام شہر میں پھیل رہی تھی۔

* سارے سبق میں فعل مضارع کا ترجمہ لکھا گیا ہے ۔

الدرس السابع والعشرون (۲۷)

(الفاظ مندرجہ ذیل کو اپنے اپنے موقعہ پر رکھو)

شکراً - ربح - إمامُ - الموضع - الشیطان - کُلّ - الغداة - دفن - جاء - اللّهُ

انّ رجلًا .. الی ابی حنیفۃ وقال یا ..... إنّی دفنتُ مالاً من مُدّةٍ طویلةٍ ونسیتُ ......

الّذی دفنتُہ فیہ - فقال الامامُ لیس فی ھذا فقہٌ فاحتال لک - ولکن اذھب فصلِّ اللیلۃ

الی ..... فانّک ستذکرہ إن شاء ... تعالی - ففعل الرّجلُ - فلم یَمضِ إلّا اقلّ من ...

اللیل حتّی ذکر الموضعَ الّذی ... فیہ المال - فجاء الی ابی حنیفۃ فاخبرہ فقال

قد علمتُ انّ .... لا یدعک تصلّی اللّیل .... فھلّا اتممتَ لیلتک کلّھا ... لِلّہ تعالیٰ

تنبیہ - متروک شدہ الفاظ اصل عبارت کے ساتھ ملا کر یوں پڑھے جائینگے :-

انّ رجلاً جاء الی ابی حنیفۃ - وقال یا امامُ - نسیتُ الموضع الذی دفنتہ فیہ الخ

الدرس الثامن والعشرون (۲۸)

(ان الفاظ کو اپنے موقعہ پر رکھو)

الیہ - فنزل - ظلمنی - کلیم - شارک - العدلِ - ثالثۃً

وقف یھودیٌّ لعبد الملک بن مروان - فقال یا امیرالمؤمنین إنّ بعض خاصّتک

.... فانصفنی منہ واذقنی حلاوۃَ .... فاعرض عنہ عبدُ الملک

فوقف لہ ثانیاً - فلم یلتفت .... فوقف لہ مرّۃً .... وقال یا امیرالمؤمنین

إنّا نجدُ فی التّوراۃ المنزّلۃ علی .... اللّہِ موسیٰ - انّ الامام لا یکون

شریکاً فی ظلم احدٍ حتّی یُرفع الیہ امرُ الظالم - فاذا رُفع الیہ ولم یُزِل

الظلم فقد .... فیہ فلمّا سمع عبدُ الملک کلامہ فزع وبعث فی الحال

الی مَن ظلمہ .... واخذ للمظلوم حقّہ منہ -

تنبیہ - متروک شدہ الفاظ کو اصل عبارت کے ساتھ ملا کر یوں پڑھو :-

انّ بعض خاصتک ظلمنی اذقنی حلاوۃ العدل - فلم یلتفت الیہ - الخ

ترجمہ سبق نمبر (۲۷)

ایک شخص امام ابو حنیفہ کے پاس آیا اور کہا امام صاحب! میں نے مدت دراز سے کچھ مال گاڑا ہوا ہے اور جہاں گاڑا تھا وہ جگہ بھول گئی ہے۔ امام صاحب نے کہا یہ کوئی فقہ کا مسئلہ نہیں ہے کہ تمہیں کوئی تجویز بتاؤں مگر جاؤ تمام رات صبح تک نماز پڑھو۔ خدا نے چاہا تو تمہیں یاد آ جائیگی۔ اس شخص نے ایسا ہی کیا۔ ابھی چوتھے حصے سے کم رات گذری تھی کہ اس کو وہ جگہ یاد آ گئی جہاں مال گاڑا تھا۔ وہ امام صاحب کے پاس آیا اور ان کو یہ بات سنائی آپ نے کہا میں جانتا تھا کہ شیطان تمہیں ساری رات نماز نہیں پڑھنے دیگا۔ تم نے ساری رات خدا کی شکر گزاری میں پوری کیوں نہ کی -

ترجمہ سبق نمبر (۲۸)

ایک یہودی عبد الملک بن مروان کے پاس آکر کھڑا ہوا۔ اور کہا امیر المومنین! آپکے خواص میں سے ایک شخص نے مجھ پر ظلم کیا ہے۔ مجھ کو اس سے انصاف دلائیے اور عدل کا مزہ چکھائیے۔ عبد الملک نے اس سے منہ پھیر لیا۔ وہ پھر دوسری مرتبہ کھڑا ہوا۔ مگر عبد الملک نے اسکی طرف توجہ نہ کی۔ وہ پھر تیسری مرتبہ کھڑا ہوا۔ اور کہا حضور! توریت جو موسیٰ کلیم اللہ پر نازل ہوئی ہے ہم اس میں دیکھتے ہیں کہ حاکم کسی کے ظلم میں شریک نہ ہوگا۔ اگر ظالم کا معاملہ اسکے پیش ہو جائیگا۔ اور جب مقدمہ اسکے پیش ہو اور وہ ظلم دور نہ کرے تو وہ ظلم میں اس کا شریک ہے۔ جب عبد الملک نے اس کی بات سنی گھبرا اٹھا اور اسی وقت ایک شخص ظالم کے پاس بھیجا اس کو معزول کیا اور اس سے مظلوم کا حق دلوایا -

الدّرس التاسع والعشرون (۲۹)

ان جملوں کو معنی کے لحاظ سے ترتیب دو	ترتیب شدہ جملوں پر غور کرو
اللّٰهُ - يحفظُنا - و - يخلُقُنا -	اللّٰهُ يخلُقُنا ويحفظُنا -
هربتُ - وخِفتُ - و - أبصرتُ - الحيّةَ	أبصرتُ الحيّةَ وخِفتُ وهربتُ -
الانسانُ - يموتُ - يُولَدُ - ويقضي في الشقاءِ	الانسانُ يُولَدُ ويقضي في الشقاءِ ويموتُ -
اِفتتحها - طيطسُ - اُورشليم - وأحرقها - حاصَرَ	حاصرَ طيطسُ اُورشليم وافتتحها وأحرقها -
اِعتزلَ - الحسنُ - وسلّمَ - وبُويعَ - الامرَ - الى معاويةَ	بُويعَ الحسنُ ثمّ اعتزل وسلّمَ الامرَ الى معاويةَ -
رأى - الابُ - ولدًا في خطرٍ - وخلّصه - فركض اليه	رأى الابُ ولدًا في خطرٍ فركض اليه وخلّصه -
اكلتها - حوّاءُ - الثمرَ المحرّمَ - وقطفتْ -	قطفتْ حوّاءُ الثمرَ المحرّمَ واكلتها -
الببغاءُ - يحفظُه - الكلامَ - ويكرّره - ويسمع	الببغاءُ يسمع الكلامَ ويحفظُه ويكرّره -
أخذه - السنّورُ - للفار - كمن - وانقضّ عليه	كمن السنّورُ للفار وانقضّ عليه وأخذه.

الدّرس الثلاثون (۳۰)

اس کہانی کو معنی کے لحاظ سے ترتیب دو	ترتیب شدہ کہانی پر غور کرو
خرجتِ اللّبوةُ - وتركتْ شبلها - تطلبُ -	خرجتِ اللّبوةُ تطلبُ صيدًا وتركتْ
صيدًا - فرآهُ - فارسٌ - فمرّ به - فقتله -	شبلها فمرّ به فارسٌ فرآهُ وحمل عليه
وحمل عليه - وترك لحمه - واخذه - وسلخ جلده	فقتله وسلخ جلده واخذه وترك
وذهب - فلمّا - رأتِ - اللّبوةُ - شبلها -	لحمه وذهب فلمّا رجعت اللّبوةُ
مقتولًا - ورجعتْ - رأتْ امرًا فظيعًا -	ورأتْ شبلها مقتولًا رأتْ امرًا فظيعًا
فناحتْ - عاليًا - نوحًا - فلمّا - اقبل عليها -	فناحتْ نوحًا عاليًا فلمّا سمع القردُ
القردُ - مسرعًا - سمع - صوتها - فقالتْ -	صوتها اقبل عليها مسرعًا فقالتْ
له - ففعل - صيّادٌ - بشبلي - ترى - مرّ	له مرّ صيّادٌ بشبلي ففعل به ما ترى
فاخذ القردُ - يعزّيها - ويصبّرها -	فاخذ القردُ يعزّيها ويصبّرها

ترجمہ سبق نمبر (۲۹)

خدا ہماری حفاظت کرتا - اور ہمکو پیدا کرتا ہے -	خدا ہمیں پیدا کرتا اور ہماری حفاظت کرتا ہے
ہیں بھاگا - اور ڈرا - اور دیکھا - سانپ -	ہیں نے سانپ کو دیکھا اور ڈر کر بھاگا -
انسان - مرتا ہے - پیدا ہوتا ہے - اور بدبختی میں عمر گزارتا ہے -	انسان پیدا ہوتا ہے اور بدبختی میں عمر گزار کر مر جاتا ہے -
فتح کیا طیطوس نے بیت المقدس - اُسکو جلایا - محاصرہ کیا	طیطوس نے بیت المقدس کا محاصرہ کیا اور فتح کرکے جلادیا -
کنارہ کش ہوا - امام حسن - سپرد کی گئی - حکومت - معاویہ کو	امام حسنؓ کی بیعت ہوئی - وہ کنارہ کش ہوا - اور حکومت معاویہ کو سپرد کی گئی
باپ نے اپنے بیٹے کو خطرناک حالت میں دیکھا - اُسکو چھڑایا - اور اسکی طرف اچھلا	باپ نے اپنے بیٹے کو خطرناک حالت میں دیکھا اور اُچھل کر اس کو چھڑایا
کھایا - حوا نے - ناجائز پھل - اور اس کو چُنا -	حوا نے ناجائز پھل چنا اور کھالیا -
طوطا - یاد کرتا ہے - کلام - اسکو دُہراتا ہے - اور اسکو سنتا ہے	طوطا کلام سُنتا ہے اسکو یاد کرتا ہے اور دُہراتا ہے
پکڑا - بلی نے - چوہے کو - اور اسکی گھات میں بیٹھی - اُسپر حملہ کیا	بلی نے چوہے کی گھات لگائی اُسپر حملہ کیا اور اُسکو پکڑ لیا -

ترجمہ سبق نمبر (۳۰)

ایک شیرنی نکلی - اپنے بچے کو چھوڑ گئی - شکار کی تلاش میں	ایک شیرنی شکار کی تلاش میں نکلی اور اپنے بچے کو چھوڑ گئی -
